28/03/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شمیم اقبال سے خبریں سُنئے

شب قدر

ملک بھر کے ساتھ ساتھ پورے جموں کشمیر میں شب قدر کی تقریب نہایت ہی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی اور اس سلسلے میں مساجد میں نماز تراویح کے بعد توبہ و استغفار ، تلاوت کلام پاک، اورادِ فتحیہ اور درود و دعا کی خصوصی مج□س کا اہتمام رہا ۔

وادی میں□یلتہ□قدر کے سلسلے میں سب سے بڑی تقریب آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہوئی جہاں وادی کے کونے کونے سے آئے ہوئے فرزندانِ توحید کی ایک بڑی تعداد نے خصوصی عبادات میں شرکت کی ۔

اسی طرح کی تقاریب وادی کی دیگر مساجد ، خانقاہوں اور بقہ جات میں بھی منعقد ہوئی جہاں مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد نے ملک و ملت کی خوشح□ی کے□ئے دعا کی ۔ شبانہ تقاریب کے دوران ائمہ حضرات اور ع□موں نے شب قدر کا فلسفہ اور اس کی فضیلت بیان کی ۔

جمعتہ□وداع

آج ہی جمعتہ□وداع یعنی ماہ رمضان کا آخری جمعہ بھی ہے اور اس سلسلے میں آج نماز جمعہ کے موقعہ پر بھی بڑے بڑے اجتماعات منعقد ہو رہے ہیں ۔

قومی سطح کا سب سے بڑا اجتماع جامع مسجد نئی د□ی میں منعقد ہو گا جہاں شاہی امام نماز جمعہ کے اجتماع کی قیادت کریں گے ۔ اِدھر وادی میں بھی مسلمان پورے اہتمام کے ساتھ اس خصوصی تقریب میں شرکت کر رہے ہیں۔

جھڑپ

کٹھوعہ ضلع کے جُٹھانا جنگلاتی علاقے میں ایک جھڑپ کے دوران تین فوجی اور تین ملی ٹنٹ ہلاک ہو گئے ہیں ۔ اس جھڑپ میں پولیس کے ایک ڈپٹی سُپر انٹنڈنٹ اور ایک پیرا کمانڈو سمیت چار سیکورٹی اہلکار زخمی بھی ہو گئے ہیں۔

یہ جھڑپ کل صبح اس وقت شروع ہوئی تھی جب فورسز کے اہلکاروں نے اس علاقے میں تلاشی کی ایک کاروائی شروع کی تھی ۔ پولیس سربراہ نلِن پربھات اور دیگر سینئر آفیسر اس آپریشن کی قریب سے نگرانی کر رہے ہیں۔

چناو کمشن

چناو کمشن نے جموں کے نگروٹہ اور کشمیر کے بڈگام اسمبلی حلقوں کےلئے ووٹر فہرستوں کےلئے نوٹفکیشن جاری کیا ہے ۔ ان دونوں حلقوں Summary Revision سے متعلق خصوصی میں عنقریب ضمنی چناو کرائے جائیں گے ۔

چار اپریل کو // اور چناو فہرست کے Rationalisation اس سلسلے میں پولنگ مراکز کی مسودے کی اشاعت 8 اپریل کو کی جائے گی ۔

اسی طرح سے دعوے اور اعتراضات آٹھ اپریل سے 24 اپریل تک فائل کئے جا سکتے ہیناور پھر حتمی چناو فہرست پانچ مئی کوشائع کی جائے گی ۔

درخشان اندرابی

جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیر پر سن ڈاکٹر درخشان اندرابی نے عید گاہ سرینگر میننو تعمیر شدہ مِمبر کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ عید گاہ کو ترقی دینا اور اسکی شان رفتہ بحال کرنا وقف بورڈ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بعد میں ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات کرتے ہوئے درخشان اندرابی نے کہا۔

SMC

سرینگر میونسپل کارپوریشن نے متبرک ایام بشمول عیدالفطر کے سلسلے میں شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی کے خصوصی اقدامات کا ایک سلسلہ شروع کیا ہے ۔

ڈاکٹر اویس احمد نے کارپوریشن کے عملے کو ہدایت دی ہے کہ وہ عیدالفطر اور SMC کمشنر نوراترا کے سلسلے میں اہم مذہبی مقامات پر اعلیٰ معیار کے مطابق صفائی ستھرائی یقینی بنائیں۔

پولیس

پارٹی اور مسرت عوام کی جموں کشمیر Freedom گاندربل پولیس نے جموں کشمیر ڈیموکریٹک مسلم لیگ سے جڑے معاملات کی تحقیقات کے سلسلے میں ضلع کے کئی علاقوں میں مشتبہ افراد کے گھروں کی تلاشی عمل میں لائی ۔

بارہمولہ اور بڈگام پولیس کی جانب سے اِن اضلاع میں تھانہ دِوس کے پروگرام منعقد کئے گئے ۔ نِکھل بورکرنے کی۔ SSP بڈگام میں ان پروگراموں کی قیادت

اونتی پورہ پولیس نے اپنے سِوک ایکشن پروگرام کے تحت رشی پورہ گاو

SDPO ں میں مقامی لوگونکی سہولت کے لئے ایک مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا ، جس کا افتتاح اونتی پورہ نے کیا ۔

آندھی

وادی کے مختلف علاقوں میں گزشتہ رات کے دوران تیز ہوائیں اور آندھیاں چلیں ۔ اس کے نتیجے میں کئی مقامات پر املاک کو نقصان پہنچا ہے جبکہ کئی جگہوں پر درخت بھی ٹوٹ گئے ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7 اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 13 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ